چونکہ انہیں کوئی اولاد نہیں تھی۔ اسلئے راقم کو متبنیٰ کر دیا تھا۔ چنانچہ باضابطہ ایک دستاویز میں میرے نام پر اپنا حصہ ہبہ کر دیا تھا۔ اسی وجہ سے میں گھر کا لاڈلا تھا۔ اکثر اوقات مجھ سے گستاخیاں سرزد ہوتی تھیں۔ میرے ماموں میر احمد غیور تھے۔ وہ اس خیال سے مبادا کہ میرے اخلاق خراب ہوں مجھکو بری طرح سے مارتے، کوستے۔ مجھے اس وقت بھی برابر یاد ہے کہ میری والدہ ماجدہ پر بشریت کی وجہ سے ناگوار گذرتا۔ پھر آپ اپنی ہمشیرہ محترمہ کی خاطر داری کیلئے مختلف قسم کے تحفے تحایف دیکر مجھکو خوش رکھنے کی کوشش فرماتے۔ میں بچپن میں ان تحایف کے لالچ سے اور بھی شوخیاں عمل میں لاتا۔ اور وہ بدستور خلوص نیت سے مجھ کو پھر مارنے پیٹنے۔ یہاں تک کہ مجھ کو پھر تحایف حاصل کرنے کا مفت موقع ملتا۔ سبحان اللہ کیا وقت تھا۔ کون سے نیک نیت اور خوشدل

لوگ تھے۔ ؎

خوشا وقتے کہ مردم مردم بے سایہ را دیدند
عجیب است این زمان گر سایۂ مردے شود پیدا

دوسرے نکاح میں آپ کا ایک ہی خلف صالح، جوان بخت میر سید محمد طیب ہمدانی بوجود آیا ہے۔ خدا تعالیٰ انہیں موجود رکھے۔ آمین

میر طیب ہمدانی کے عقد میں میر سید غلام الدین بیہقی خالواری کی صاحبزادی ہے۔ الی الحال نرینہ اولاد میں سے میر سید مشتاق ہمدانی بوجود آیا ہے۔ جو نہایت ہی ہونہار ہے۔ خدا تعالیٰ اس کی صحت درست فرمائے "عمرہ اللہ و ابقاہ" میر طیب شاہ شکل و شباہت میں اپنے والد سے ملتے جلتے ہیں، خوبرو، خوشخو اور خوش اخلاق ہیں۔ فہم و فراست میں یکتا ہیں۔

یارب ز چشم زخم زمانش نگاہدار۔ آمین

میر فطرت کاشمیری

کاتب:۔ قاضی محمد حسین ولد قاضی نظام الدین مرحوم غفر اللہ لہٗ ساکن کوٹلی پورہ ضلع خانیار

ذکرِ ساداتِ گیلانیہ کشمیر

سادات گیلانی خانیار ۱۰۹۵ھ میں کشمیر وارد ہوئے ہیں۔ اور یہ اورنگ زیب عالمگیر کی حکومت کا زمانہ تھا۔

سید شاہ ابوالحسن قادری۔ سید شاہ محمد فاضل قادری دونوں سگے بھائی۔ جدّ بزرگوار کے ارشاد غیبی سے یہاں تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ آپ کے احباب، اصحاب اور خدام و چاکر تھے۔ آپ نے عیدگاہ میں اپنا رخت اقامت ڈالا۔

صاحبِ تاریخ اعظمی لکھتے ہیں۔ قریباً صد کس از اہل و عیال خادمان و ملازمان در ظلِ عاطفتش می گذرانیدند۔

آپ کی خدمت میں جو ہدایا اور تحایف جمع ہوتے، نمازِ جمعہ کے بعد ان کو فقراء میں بانٹتے۔ جو کچھ ملتا غریبوں میں تقسیم فرماتے۔ چنانچہ آپ کشمیر میں سخی شاہ فاضل کے نام سے مشہور ہوئے۔ اعیان شہر آپکے مرید و معتقد ہوئے۔ خواجہ عبدالقادر زہ ہونے آپکو اپنی زمین معہ ایک حویلی کے خانیار میں پیش کی۔ بابا عثمان قادری۔ خواجہ عبدالرحیم قادری۔ خواجہ محمد مراد ننگ (خواجہ محمد اعظم دیدہ مری کے مرشد) آپ کے مریدوں کے زمرہ میں داخل ہوئے۔ مؤرخوں نے آپ کے حالات و مقامات لکھے ہیں۔ آپ کا سلسلہ نسب تاریخی صحت و ثبوت سے

حضرت سیدنا شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔ بدین واسطہ۔

سید شاہ محمد فاضل فرزند سید عبداللہ بن سید محمود بن سید عبدالقادر ثانی بن عبدالباسط بن شاہ حسین بن شہاب الدین احمد بن شرف الدین یحییٰ قاسم بن محی الدین یحییٰ ثالث بن بدرالدین حسن بن علاءالدین علی بن شمس الدین ابو محمد عبداللہ بن سیف الدین ذکریا یحییٰ ثانی بن ظہیر الدین ابو سعود احمد بن محی الدین میر ابو نصر محمد بن عماد الدین حضرت میر ابو صالح نصر بن عبدالرزاق بن حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

آپ کا ذکر کشمیر کی تاریخوں میں تفصیل کے ساتھ درج ہے۔ یہاں نقل کی گنجائش نہیں۔ صاحب تحفۃ الفقرا شیخ محمد مراد ٹنگ نے شاہ محمد فاضل قادری سے اجازت قادری حاصل کی۔ اور آپ کے چشم دید حالات وکرامات کا ذکر تاریخ میں درج فرمایا۔ خواجہ بہاءالدین صاحب متو لکھتے ہیں ؎

اے بہا خیز و مشکباری کن ۔۔۔ رو بسادات خانہ زاری کن
سیدے کو کہ بصد جلبلی بود ۔۔۔ آنکہ زاولاد شاہ جیلی بود
یعنے اندر نسب بجھنا نی ۔۔۔ میرسد تا بہ شاہ جیلانی رح

تاریخ باغ سلیمان۔ خزینۃ الاصفیا، تاریخ شیخ محمد مراد ٹنگ مسمی بہ تحفۃ الفقراء، تاریخ اعظمی، تاریخ حسن، تاریخ کبیر کشمیر،

تاریخ... شیخ رجب تاریخ رشیدی، نظام الوقایع تاریخ منظوم سید صدرالدین مفتی اعظم سوپور، تاریخ اقوام کشمیر ہر دو جلد میں تاریخ سید محبوب شاہ داتوی حفظ المریدین منظوم بطرز درالمریدین تصنیف سید احمد شاہ صاحب ہبہواری، اخبار الاخیار ذکر سادات گیلانی خانیار مولفۂ فطرت میں آپ کی اولاد امجاد کا ذکر بالاستیعاب درج ہے۔ فمن شاء فلیطالع۔

یہ خاندان بغداد شریف سے حماۃ میں آیا ہے۔ حماۃ سے سید عبدالقادر ثانی علاقہ سندھ سکھر بکھر حدود ٹھٹھ میں آئے ہیں۔

حماۃ سے آپ کے سندھ میں آنے کی وجہ یہ ہوئی کہ سندھ میں ٹھٹھ ایک مشہور شہر تھا۔ جہاں علوم وفنون کے دریا بہتے تھے۔ اور دور دور سے لوگ تعلیم حاصل کرنے کے لئے وہاں آیا کرتے تھے۔ کپتان الیگزنڈر ہملٹن ۱۶۹۰ء کے سفر میں جب یہاں پہنچا تو اُس نے اپنے سفرنامے میں اُس شہر کا ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ اس شہر میں فقہ، فلسفہ اور دینیات کا خوب چرچا ہے۔ ان علوم میں لڑکوں کو تعلیم دینے کے لئے قریباً چار سو مدرسے موجود ہیں۔ کپتان صاحب کہتے ہیں کہ ٹھٹھ دریائی سندھ سے دو میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ نہروں اور نالیوں کے ذریعے شہر میں باغات کو پانی بہم پہنچایا جاتا ہے۔

جہاں تک راقم کا تجربہ ہے۔ یہی وجہ ہوئی ہے کہ یہ سادات

کرام چونکہ اہل علم تھے۔ حماًّ سے ٹھٹھ میں آئے۔

سید عبدالقادر ثانی کے تین فرزند تھے۔ سید محمد محمود۔ سید نورالدین۔ سید عبدالکریم۔

سید محمد محمود کے تین فرزند تھے۔ سید عبداللہ۔ سید محمد حسن۔ سید احمد۔

سید عبداللہ کے دو فرزند تھے۔ سید شاہ ابوالحسن پشاوری۔ سید سخی شاہ محمد فاضل قادری خانیاری۔

سید شاہ ابوالحسن پشاوری کے تین فرزند تھے۔ میر زین العابدین سلطان پوری۔ سید شاہ محمد غوث لاہوری۔ سید علی لاہوری۔

سخی شاہ محمد فاضل قادری خانیاری کے چار فرزند تھے۔ سید عبدالقادر معروف میر بادشاہ۔ سید وزیرالدین۔ سید لطف اللہ۔ سید فضل اللہ اور دو صاحبزادیاں۔

سید شاہ ابوالحسن قادری جد بزرگوار کے باطنی ارشاد سے واپس پشاور تشریف لے گئے۔ بعض مؤرخ آپ کی وفات کشمیر ہی میں قرار دیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ چھ مہینے کے بعد آپ کی نعش مبارک پشاور میں دفنائی گئی۔ لیکن صحیح خبر یہی ہے۔ کہ آپ پشاور ہی میں وفات پا گئے۔ اور وہیں مدفون ہیں۔ آپ کی زیارت حسن بادشاہ کے نام سے پشاور

میں مشہور ہے۔ اور آپ کے فرزند سید شاہ محمد غوث لاہور کے محلہ مزنگ میں مقبور ہیں۔ یہ زیارت گاہِ عام ہے۔ راقم نے شرف زیارت لاہور میں حاصل کیا ہے۔

سید عبدالقادر ثانی مذکور کے دوسرے فرزند سید نورالدین مذکور کے فرزند سید احمد تھے۔ آپ کے فرزند سید یوسف آپ کے فرزند سید عبدالمجید آپ کے فرزند سید ابوالبرکات شاہ محمد یوسف تھے۔ آپ سب شہر ٹھٹھ میں مدفون ہیں۔ سید شاہ محمد یوسف کے چار فرزند تھے۔ سید ابوتراب۔ سید محمد محمود سید محمد تقی۔ سید خلیل الدین۔

اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ سید شاہ محمد فاضل قادری خوخانیار میں سکونت پذیر تھے۔ آپ نے یہاں سادات مغلیہ میں سے نکاح کیا تھا۔ صاحب بنین و بنات ہوئے۔ بڑے بیٹے سید میر بادشاہ کے عقد میں میر شمس الدین نوشہری کے فرزند میر خداداد کی صاحبزادی آئی۔ اور اپنی دو صاحبزادیوں کے واسطے آپ نے کفاءت نسبی کے سلسلے میں ٹھٹھ سے اپنے دو ہمشیرہ زادے سنہ ۱۱۰۶ھ میں بلا لئے۔ یہ آپ کے چچیرے بھائی شاہ ابوالبرکات محمد یوسف کے فرزند گرامی تھے۔ سید شاہ محمد محمود۔ سید شاہ محمد تقی۔

سید ابوالبرکات شاہ محمد یوسف گیلانی سید شاہ محمد فاضل کی درخواست پر ٹھٹھ سے سنہ ۱۱۰۶ھ میں کشمیر آئے۔

آپ کے ساتھ خدام وخدم کے علاوہ آپ کے تین صاجزادے تھے سید ابوتراب۔ سید شاہ محمد محمود۔ سید شاہ محمد تقی۔

شاہ محمد فاضل قادری کی دو صاجزادیوں کا نکاح سید شاہ محمد یوسف گیلانی کے دو فرزندوں کے ساتھ باندھا گیا۔ نکاحنامہ شیخ محمد مراد ٹنگ مؤرخ کشمیر نے لکھا جس کا ذکر انہوں نے تحفۃ الفقرا میں بھی کیا ہے۔

سید شاہ محمد یوسف اپنے فرزند سید ابوتراب کے ساتھ واپس ٹھٹھ تشریف لے گئے۔ اور اپنے دونوں فرزندوں سید شاہ محمد محمود اور سید شاہ محمد تقی کو خانیار کے میرہ محلہ میں چھوڑ گئے سید شاہ محمد تقی، میرہ مسجد کے محلہ سے نکلکر ریاضت ٹنگ میں ساکن ہوئے۔ ان کی اولاد وہیں آباد ہے حافظ۔ میر سید محمد مقبول وظیفہ خوار نظام حیدرآباد آپ کی ہی اولاد امجاد سے نہایت ہی عالم و فاضل بزرگ گزرے ہیں۔ مثنوی فطرت میں جہاں راقم نے اپنے آباو اجداد کا ذکر کیا ہے۔ وہاں یہ اشعار بھی تعارف کے سلسلے میں آئے ہیں۔

پدرم نام من مبارک کرد	تاج علم و ہنر تبارک کرد!
نام نامیش بد غلام الدین	پدرش بود شد وزیر الدین!
پدر اوست شہ نظام الدین	بود فرزند شاہ نور الدین!
پدرش شہ بلوک شیخ زمان	منزوی گشتہ بود زاہل جہان

ته کوہے کہ غارِ عبد شکور | ہست در زینہ گیرہ بس مشہور
مرقدِ پاکِ او براہِ گذر | ہست رخشندہ بر کنارِ او لر
قریہ زیرہ منز نام دہ ہست | مسکن و مدفن و مقامِ شہ ہست
پدرش شہ محمد محمود | بود مقبول بارگاہِ ودود
آمد از شہر ٹھٹھ سوی کشمیر | با خدام و خدم بجسم غفیر!
گشت دامادِ شیخ دین فاضل | کہ سخی بود و سالک کامل
مسکنِ خویش خانیار نہاد | رحمت حق بروح ایشان باد
مدفن جملہ خانیار بود | مرجعِ اہل روزگار بود
کاشمیر از ورود این سادات | یافت از موی غوثِ حق برکات

بیشک این خانوادۂ آزاد
یادگارے است از شہ بغداد

شاہ محمد فاضل قادری کے فرزند سید عبد القادر معروف بہ میر بادشاہ کے فرزند سید محمد محمود کے فرزند سید شاہ غلام الدین آزاد خانیاری تھے۔ آپ اپنے خاندان میں ہر لحاظ سے مافوق تھے۔ عالم فاضل، عارف سالک اور شاعر تھے۔ آزاد تخلص رکھا تھا۔ آپ اپنے وقت میں عدیم البدل تھے۔ خواجہ شاہ نیاز احراری سید جلال الدین مشتاق محدث خانیاری آپ کے ہمعصر شاعر تھے۔ اور آپ کے ہمنشیں تھے، مگر سب مشق سخن کرتے۔ مگر ان میں جو درجہ آزاد کی شاعری کو تھا۔ آپ کی خود کلام سے ظاہر ہے۔

وہ خود آپ کے

منقبت میں تغزل شاذ و نادر ہی ملا کرتا ہے۔ لیکن آپ جب اپنے جدّ بزرگوار کی منقبت لکھتے ہیں۔ تو تغزل کا عاشقانہ رنگ اس میں ظاہر فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:۔

من غلام شاہ جیلی و ز غم آزادم | مست و مدہوش دریں دیر خراب آبادم
چاک در سینہ ز زخم نگہ یار بود | ہمچو گل در چمن باغ جہاں دلشادم
ہمچو نے باعث سوراخ تنم شد نغمہ | گشت ایں قالب فرسودہ بجان یادم
ساقیا دیدہ پُر از بادۂ خوناب جگر | میکند نغمہ پرسوز بلبب فریادم
پیر من مرشد من قبلہ من کعبۂ من | ہست آن شاہِ زمن راہبر و استادم
بر سر کوچہ و بازار بآواز بلند | گردد این شعر ہمیشہ بزبان اورادم

قادری ہستم و غوث الثقلین پیر من است
سگ آن شاہم و این سلسلہ زنجیر من است

آپ نے اپنے جدّ بزرگوار سخی شاہ محمد فاضل قادری کے مرقد پر انوار پر زیارت گاہ اور خانقاہ گیلانیہ تعمیر کی۔ اور اُسے اپنی زندگی ہی میں مکمل کر کے خود تاریخ لکھی ہے

سال تاریخ این بنا آزاد | گفت شد خانقاہ گیلانی ۱۱۸۲ھ

آپ کا کلام راقم آثم کی نظر سے گزرا ہے۔ ناصر علی کی طرز کا کلام ہے آپ کا دیوان خواجہ محمد امین صاحب داراب کے کتب خانہ میں مقفل پڑا ہے۔

اس وجہ سے عام لوگ آپ کے طرز کلام سے کلیتاً نابلد ہیں۔

راقم نے یہ دیوان حاصل کرنے کے لئے جان توڑ کوشش کی لیکن مل نہ سکا۔ آپ کی درد و سوز سے بھری ہوئی رباعیاں موسیقی کشمیر میں گائی جاتی ہیں ؎

یارب لبشر سکِ گرم دخونین جگرے
وز چشم ترحم سوی عاصی نظرے
گر نقد کرم جنس گنہ میخواہد
این جنس بر از بندہ ندارد دگرے

کشمیری زبان میں بھی آپ کی غزلیں ۔ نعتیں اور منقبتیں مشہور ہیں۔

غم تھاولے تے دل فھولے مثل بہار | شیخ عبدالقادرس کر زارہ یار
لاگ اَبلبل بر رخ آن گلعذار | شیخ عبدالقادرس کر زارہ یار

اپنے جدّ امجد شیخ فاضل قادری کی عقیدت میں فرماتے ہیں۔

جوشس زد سیل بلا سید فاضل مددے

آپ کے اکلوتے فرزند سید شاہ بزرگ تھے ۔ سردار محمد عبداللہ خان آپ کا مرید خاص تھا۔ انہی کے وقت میں محبوب سُبحانی شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا موی مقدس کشمیر میں رونق افزا ہوا ہے۔

سید جلال الدین مشتاق نے (جو سید غلام الدین آزاد کے داماد تھے) دو سال موی مبارک کی نشاندہی فرمائی ۔ اس کے بعد نندہ بانو صاحب پاپنوری جو سید شاہ بزرگ کے مرید دل میں عابد تھے ۔ موی مبارک کی نشاندہی کے لئے مقرر ہوئے۔

سید شاہ بزرگ کا اقتدار حکام وقت میں روز افزوں ہوا۔ افغان حکومت نے آپ کے کمالات عالیہ دیکھکر جاگیر مقرر کی۔ آپ کے فرزند برومند سید حسن اور سید علی تھے۔ دونوں بزرگوار لاولد رحلت کر گئے۔

سید حسن بڑے اولوالعزم بزرگ تھے۔ سید حسن آپ ہی کا کارِ حسن تھا۔ سکھوں کے دور تظلم میں خانقاہ معلیٰ کی واگذاری آپ ہی کی کرامت تھی۔ آپ شب برات میں راہ پیمائی آخرت ہوئے ہیں۔ آپ اپنے جدّ بزرگوار سخی شاہ محمد فاضل کی طرح بیحد سخی تھے۔ جو کچھ ملتا تھا۔ مساکین و فقراء میں بانٹ دیتے۔ ایک دفعہ خلعت شاہی میں آپ کو ایک زرین چوغہ ملا ہوا تھا۔ اس وقت اس کی قیمت پندرہ سو روپے تھی۔ سائل نے الحاح کیا۔ خرچ بردار ملازم سامنے نہ تھا۔ جیب بھی خالی تھی۔ تو اسی چوغہ سے فقیر سائل کی دلجوئی فرمائی۔ ہندو و مسلمان سبھی آپ کی خدمت میں رہا کرتے۔ اور ظاہری و باطنی فیوض سے اپنا دامن بھر لیتے۔ آپ کی تاریخ ایک ہندو شاعر نے لکھی ہے:

شب بود شب برات و تار بخش دل ۔۔۔ با آہ و فغاں گفت

آزاد شد آن بزرگ سید ۔ زوجود ۔ درروز حسن ۱۲۳۳ھ

آپ کا مرقد استھان کے ابتدائی دروازے سے داخل ہوتے ہی شرق رویہ بائیں طرف واقع ہے۔ سنگ مرقد پر جلی حروف سے تاریخ لکھی ہوئی موجود ہے۔ سید غلام الدین آزاد کی اولاد امجاد کا

سلسلہ نسب یہیں پر ختم ہوتا ہے۔ سید بزرگ شاہ مذکور کی صاحبزادی میر سیّد محمود بن میر ولی اللہ ساجیکوٹی بن میر فقیر شاہ بن سید زین العابدین سلطان پوری فرزند کلاں شاہ ابوالحسن لپشاوری کے عقد میں آئیں۔ اور سیّد محمد محمود مذکور خانہ داماد اور سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ آپ کے بعد آپ کے فرزند میر سید یاسین قادری سجادہ نشین ہوئے۔ جن کے حالات زبان زد عوام و خواص ہیں ان آپ کے اکلوتے فرزند میر سیّد احمد تھے۔ جو سجادہ نشینی سے پہلے ہی رحلت کر گئے۔

میر سید احمد کے فرزند جلیل القدر میر سید حسن قادری تھے۔ آپ نے خاندان گیلانیہ کو اپنے اخلاق حسنہ سے فروغ بخشا۔ ایسے ارباب فضایل کے ذکر لکھنے کے لئے بڑے دفتروں کی ضرورت ہے۔ اور میں بخوف طوالت اس لیئے ترک کرتا ہوں۔ کہ یہ تاریخ ابھی تک کشمیر کے بچوں تک کو بھی معلوم ہے۔

بلند پایہ شاعروں اور مورخوں نے ان کے حالات زندگی قلمبند کیئے ہیں حکومت کی تاریخ میں ان کے کارنامے درج ہیں۔

کہ بتحریر دیگر آوردن ہست تحصیل حاصل کردن

راقم آثم کو آپ کا نیاز حاصل ہے۔ میرے والد مرحوم سید شاہ غلام اللہ دین قادری کے معتقد تھے۔ جن دنوں میں میرے والد مرحوم خانیار ہی کے میرہ محلہ میں ساکن تھے۔ دونوں بزرگ صبح و شام ایک جگہ رہا کرتے

آپ کے اخلاق وعادات نہایت برجستہ تھے۔

میر سید حسن سجادہ نشین خانیار کے مراثی متعدد شاعروں نے لکھے ہیں۔ ان میں سے خواجہ امیر الدین امیر کا مرثیہ زہرہ گداز ہے۔ اور بلحاظ شاعری برجستہ ہے۔ خوف طوالت سے نقل نہ کرسکا۔

راقم الحروف فطرت نامہ سیاہ نے خاندان گیلانیہ کے دو تذکرے بڑی عرق ریزی سے لکھے ہیں۔ (۱) اخبار الاخیار ذکر سادات گیلانی خانیار۔ (۲) اشجار الاحرار شجرۂ سادات گیلانی خانیار۔ ان دونوں تذکروں میں اس خاندان کی ہر شاخ کا تذکرہ، شجرہ درج ہے۔ اقوام عالم کی تاریخ ہی سے انسانی شرف نمایاں ہوتا ہے ؎

آثار پدید است صنادید عجم را کز نقش و نگار در و دیوار شکستہ

میر سید حسن سجادہ نشین خانیار کے چار فرزند اور چار صاحبزادیاں ہوئیں۔ ان میں سے میر سید غلام شاہ جوان مرگ ہوئے اور دوسرے فرزند میر سید مقبول شاہ سجادہ نشین ہوئے۔

تیسرے فرزند ارجمند میر سید غلام حسین شاہ ہیں۔ جو قومی اور ملکی کاموں میں حصہ لے رہے ہیں۔

چوتھے فرزند میر سید میرک شاہ ہیں۔ جو اس وقت میر سید مقبول شاہ سجادہ نشین کی غیر حاضری میں زیارت شریفہ کے مشاغل میں نیابتاً منہمک رہتے ہیں۔

میر سید حسن سجادہ نشین مغفور کی ایک صاحبزادی میر سید شہاب الدین مظفر آبادی کے عقد میں۔ اور دوسری میر سید احمد گیلانی ہیبہ داری کے عقد میں آئی تھی۔

تیسری صاحبزادی میر اکبر ہیبہ داری ذیلدار علاقہ کے عقد میں آئی۔ جن سے میر سید جلال الدین گیلانی خانیار میں فرزند موجود ہیں۔ یہ نہایت ہی خوش اخلاق جوان صالح ہیں۔ میر مقبول شاہ صاحب سجادہ نشین خانیار نے ان کو اپنا متبنی فرزند بنا دیا ہے۔ آپ ریاست کشمیر میں ایک اچھے عہدے پر فایز ہیں۔

اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ سید عبد القادر ثانی کے دوسرے فرزند سید نور الدین تھے۔ آپ کے فرزند سید احمد تھے۔ اور آپ کے فرزند سید یوسف تھے۔ آپ کے فرزند سید عبد المجید تھے۔ اور آپ کے فرزند سید ابو البرکات محمد یوسف گیلانی تھے۔ آپ شہر ٹھٹھہ میں مقیم تھے۔ آپ مع اپنے تین فرزندوں کے شاہ محمد فاضل قادری کی استدعا پر ۱۱۰۶ھ میں کشمیر آئے سید ابو تراب واپس اپنے والد بزرگوار کے ساتھ ٹھٹھہ تشریف لے گئے۔ اور ان کی اولاد وہیں پر آباد ہیں۔ سید شاہ محمد محمود سید شاہ محمد تقی دونوں سگے بھائی خانیار کے میرہ محلہ میں سکونت پذیر رہے۔

سید شاہ محمد محمود کی اولاد امجاد میں سے سید جلال الدین مشتاق

محدث کشمیر بڑے عابد گذرے ہیں۔ آپ کا کتب خانہ اس وجہ سے کہ آپ لاولد تھے۔ میر بزرگ شاہ قادری کے خاندان میں منتقل ہوا۔ آپ کے عقد نکاح میں سید غلام الدّین آزاد کی صاحبزادی تھی۔ آپ نے اپنے والد بزرگوار کا زیارت خانہ تعمیر فرمایا تھا۔ جس کے دروازے پر یہ شعر لکھا ہوا ہے ؎

ہست این درگاہ آن نور جمال ۔۔۔ سید محمود و آن سید جلال

آپ نے حمام و خانقاہ بھی بنوائی تھی۔

آج اس خانقاہ اور مسجد و زیارت کی خستہ حالت دیکھکر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔

فخلف من بعدھم خلف اضاعوا الصلوٰۃ واتبعوا الشہوات

آپ کے برادروں کے بقیۃ السلف اس وقت ہیہ وار، ماگام۔ حیدر پورہ، زوبگ کھارن، گوجہ پتھری اور میرہ محلہ خانیار میں بستے تھے۔ اور اپنے آبا و اجداد کا نام بیچکر گزارہ کرتے ہیں۔

بندہ عشق شدی ترک نسب کن جامی

کہ درین راہ فلان ابن فلان چیزے نیست

الراقم ماخوذ از مثنوی فطرت

نازکم کن بر نسب گر عاقلی ۔۔۔ ابن نفس خویش شو ہمچون علی[1]

[1] بہ قول حضرت شاہ ولایت انا ابن نفسی و کینتی ادبی۔ (میں اپنے آپ کا بیٹا ہوں۔ میری کینت علم و ادب ہے)

سید حافظ رسول شاہ قادری گوجہ پتھری جو خواجگان نقشبند کے داماد تھے۔ اسی خاندان سے تھے۔ سید احمد صاحب ہیرواری اسی خاندان کے چشم و چراغ تھے۔

سید شاہ محمد محمود کے دو فرزند تھے۔ سید شاہ محمد ملوک، سید جمال الدین۔

سید جمال الدین کے چار فرزند تھے۔ سید جلال الدین مشتاق لاولد لہ۔ سید امیر الدین۔ سید شریف الدین۔ سید بہاء الدین سید امیر الدین کے فرزند ہیرہ دار اور زونیگ کہارن ساکن ہیں سید شریف الدین کی اولاد حیدر پورہ بیرہ باغ میں مقیم ہیں۔ سید بہاء الدین کی اولاد گوجہ پتھری اور میرہ محلہ میں سکونت پذیر ہیں۔

سید شاہ ملوک قادری نے زاویہ گزینی ہی میں اپنی عمر بسر کی۔ آپ صاحب کشف و کرامات اور ولی کامل تھے۔ سید صدر الدین مفتی سونپوری نے جو سید شاہ محمد تقی ریہ ننگی کی اولاد میں سے ایک عالم و فاضل بزرگ تھے۔ آپ کا ذکر اپنی منظوم تاریخ میں یوں درج فرمایا ہے ؎

پیشروِ جملۂ اہل سلوک سرورِ ما شاہ محمد ملوک!
چونکہ شد از جیفۂ دنیا نفیر! گشت ز مردار خوران گوشہ گیر
در تہ آن کوہ کہ بابا شکور کردہ سرِ قلۂ آن گہ ظہور

آپ کے عقد میں سخی شاہ محمد فاضل قادری کے بڑے فرزند میر

شاہ صاحب کی صاحبزادی تھی۔ جن سے آپکو ایک ہی فرزند جلیل القدر سید شاہ نور الدین ہوا تھا۔ جو مقامات سلوک اور کشف وکرامات میں مشہور تھے۔ آپ کا گوشۂ عبادت موضع مدون اور احسن تھا۔ جہاں پر بیٹھ کر وہ عبادات وریاضات شاقہ میں مشغول رہتے تھے۔ آپ کے عقد نکاح میں سید جلال الدین مشتاق کی ہمشیرہ تھی۔ جن سے آپ کا اکلوتا بیٹا سید شاہ نظام الدین ولی ہوا۔

آپ مقاماتِ سلوک میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ شیخ احمد فرید جیسے بزرگ آپ کے مریدوں میں داخل تھے۔ شیخ امام الدین سکھوں کے عہد حکومت کا گورنر آپ کا مرید خاص تھا۔

آپ کے عقد میں مخدوم آیہ اللہ قریشی ساکن قطب الدین پورہ کی صاحبزادی تھی۔ جن سے آپ کے دو فرزند ہوئے تھے۔ سید حافظ محمد حسین اور سید وزیر الدین۔ حافظ محمد حسین قادری کے تین فرزند تھے۔ حافظ سید اسد اللہ جو نہایت ہی لائق وفائق تھے ان کے تین فرزند تھے۔ حافظ سید مقبول۔ سید غلام محی الدین اور سید میر بادشاہ ان میں سید مقبول صاحب لاولد جان بحق ہوئے۔ راقم الحروف کو ان کا شرف ملاقات حاصل ہوا ہے۔ نہایت خوش لباس، خوش اخلاق بزرگ تھے۔

سید غلام محی الدین صاحب ناو پورہ کے خاکی خاندان میں خانہ داماد تھے۔ ان کی ایک صاحبزادی یادگار رہ چکی تھی جو سید میرک صاحب

اندرابی فاضل دیوبندی کے برادر سید محی الدین صاحب اندرابی کے عقد میں آئی تھی۔ ان سے آپ کا ایک فرزند موجود ہے۔ سید منور شاہ بابا کے تین فرزند موجود ہیں۔ سید احمد سعید جو میر سید جلال الدین اندرابی کے خانہ داماد ہیں۔ اور ملارٹہ میں موجود ہیں۔ دوسرے فرزند میر محمد سعید صاحب ہیں جو میرہ محلہ خانیار میں موجود ہیں۔ تیسرا میر مقبول ہے میرہ محلہ خانیار میں موجود ہیں۔ سید حافظ میر حسین کے دوسرے فرزند میر یوسف شاہ تھے۔ آپ کے دو فرزند تھے۔ حافظ پیر سید شاہ قادری آپ ورد وظائف اور تعویز نویسی میں باکمال تھے۔ آپ کے دو فرزند ہیں۔ سید رسول شاہ۔ سید غلام مصطفٰے دونوں میرہ محلہ خانیار میں رہتے ہیں۔ سید پیر شاہ کے دوسرے بھائی میر مظفر شاہ میرہ محلہ خانیار میں موجود ہیں۔ حافظ سید حسین کے تیسرے فرزند سید علی تھے۔ آپ کے فرزند سید میر محمد تھے۔ آپ کے فرزند سید محمد سعید جو خواجہ بارہ بل کے پیر صاحبان کے متبنی فرزند ہیں۔ اور وہیں پر موجود ہیں۔ اور دوسرے فرزند جن کا نام راقم کو یاد نہیں حضرت بل میں ساکن ہیں۔ تیسرے فرزند میر سیف الدین محلہ ملارٹہ میں سکونت پذیر ہیں۔ حافظ سید حسن کے برادر سید وزیر الدین خانیار میں مدفون ہیں۔ آپ کے تین فرزند تھے۔ سب سے بڑے سید شاہ غلام الدین

صاحب قادری راقم آثم کے والد مغفور، آپ کو میر سید میرک ہمدانی
میر سید تاج الدین ہمدانی کی اولاد میں سے ایک بزرگ نے تبنی فرمایا
تھا۔ اس وجہ سے وہ خانیار سے سنہ ۱۲۸۹ھ میں خانقاہ معلی منتقل
ہوئے۔ سید شاہ غلام الدین قادری کے دو فرزند اور دو صاحبزادیاں
ہوئی تھیں۔ بڑے بیٹے کا نام سید محمد لٰسین قادری ہے۔ آپ
عربی، فارسی میں غیر معمولی قابلیت کے مالک ہیں۔ علاقہ کامراج
کے مبلغ اور مفتی ہیں۔ پار سال آپ خوش قسمتی سے زیارت
حرمین سے بھی مشرف ہو کر آئے ہیں۔

این سعادت بزور بازو نیست

راقم نامہ سیاہ محمد مبارک آپ کا دوسرا فرزند ہے۔

بد نام کنندۂ نکو نامے چند راقم

چو یاد آدرم از نیاگان او ۔ بدانم کہ فطرت بود نا خلف

راقم نے اپنی ساری عمر ذوق و وجدان اور علم و ادب کی تحصیل
میں صرف کی ہے۔ سیر و سفر اور تصنیف و تالیف کے لئے اپنی عمر
گرانمایہ وقف کر رکھی ہے۔ سنہ ۱۹۸۰ بکرمی میں اپنے چچیرے بھائی
حاجی سید غلام محمد خان خوجام کی استدعا پر یار قند گیا۔ اور
آپ کی صاحبزادی کے ساتھ عقد نکاح ہوا جس سے ایک
فرزند سید غلام غوث ہوا۔ کشمیر میں جو نکاح ہوا ہے۔ اس
سے تین فرزند موجود ہیں۔ شاہ محمد اسلم، سید مشتاق حسین

میر شوکت علی ہے جاودان آزادہ سید غلام الدین بود نے
سید وزیرالدین کے دوسرے فرزند سید حسن تھے۔ آپ
سید میر طاہر اندرابی کے خاندان میں خانہ داماد تھے۔ اس کے بعد
آپ نے مخدوم نصر اللہ قریشی لعل بازاری کی صاحبزادی عقد
میں لائی۔ جس سے آپ کا ایک لڑکا میر احمد ہوا تھا۔ وہ
حافظ قرآن تھا۔ مگر دیوانہ وضع تھا مر گیا ہے۔ آپ کا سلسلہ
نسب وہیں پر ختم ہوا۔ میر سید وزیرالدین کے تیسرے فرزند
کا نام سید میر میرک تھا۔ آپ بڑے زاہد و عابد تھے۔ مقامات
سلوک میں آپ کو اونچا درجہ حاصل تھا۔ آپ سید غلام الدین
اندرابی ملارٹہ کے خانہ داماد تھے۔ آپ کے تین فرزند اور ایک صاحبزادی
تھی۔ بڑے فرزند سید غلام محی الدین تھے۔ نہایت ہی فہیم
اور خوش اوضاع بزرگ تھے۔

آپ کے عقد میں میر سید میرک ہمدانی خانقاہی کی دوسری
صاحبزادی تھی۔ اس حیثیت سے یہ راقم کے چچیرے بھائی اور
خالو بھی تھے۔ راقم کے ساتھ آپ کو بڑی محبت تھی۔ فن تکسیر۔
رمل۔ جفر۔ راقم نے ان ہی سے سیکھا ہے۔ آپ نے راقم کی
ہمشیرہ متبنیٰ کی تھی۔ اپنے بھائی سید غلام محمد یار قندی کے فرزند
کو بھی متبنیٰ کیا تھا۔ اور ان دونوں کی شادی کی تھی۔ آپ ہوائے
رودی میں شہید ہو گئے۔ میر سید احمد سعید اندرابی نے تاریخ لکھی ہے

(اے فطرت سید کے والد کی تاریخ وفات)

جو سنگ مزار پر منقش ہے۔

روز جمعہ بست و شش شوال از ماه و نهفت
بو گلے اندر جنان با آل طاہر گشت جفت
بہر تاریخ وفاتش نام و سالش ہا تفی
در جوار میر میرک میر محی الدین بگفت ۱۳۳۷ھ

سید احمد کی بڑی صاحبزادی برادرم سید لیسین کے فرزند سید محمد سعید کے عقد میں آئی ہوئی تھی۔ شادی ہو کر تھوڑے ہی عرصہ کے بعد وہ رحلت کر گئی۔

سید احمد کی دوسری صاحبزادی برادر زادہ ام سید عبد الرشید کے عقد میں موجود ہے۔

عبد الرشید میر سیف الدین صاحب منطقی کا متبنی فرزند ہے۔ اور بند گری باغ میں متصل خانقاہ معلی سکونت پذیر ہے۔

میرے برادر کلاں کے چار بیٹے تھے۔ ان میں سے منجھلا لڑکا سید غلام محمد حادثہ سے فوت ہوا۔ اس کی ایک لڑکی موجود ہے۔

میر لیسین صاحب گیلانی کے بڑے بیٹے کا نام سید محمد سعید ہے۔ اس کے دو فرزند سید شبیر احمد۔ سید منظور احمد اور ایک صاحبزادی موجود ہے۔ میر لیسین صاحب گیلانی کے دوسرے فرزند میر عبد الرشید ہیں۔

میر لیسین صاحب گیلانی کے چوتھے بیٹے کا نام سید محمد یوسف گیلانی

اسس وقت پاکستان میں سکونت پذیر ہے۔ اس کا فرزند سید افتخار احمد اپنے چچا سید عبدالرشید گیلانی کا متبنّی فرزند ہے۔

میرے عم بزرگوار سید میرک بلارتی کے دوسرے فرزند خان بہادر سید غلام محمد خان خوجام کو اپنے ماموں میر سید اشرف اندرابی یارقندی نے نکاح کے سلسلے میں یارقند بلالیا تھا۔

آپ اپنے والد بزرگوار سید میرک کے ساتھ غالباً ۱۳۱۵ھ میں یارقند گئے ہیں۔ اور آپ کی جاگیر میں تین گاؤں تھے۔ چیگچی۔ لنغارچی۔ پوست گام۔ سرکار انگلشیہ نے آپ کو خان بہادر کا لقب دیا تھا۔ اور آپ کے تجارتی مال پر محصول معاف کیا تھا۔ آپ کے عقد میں میر اشرف صاحب اندرابی کی صاحبزادی تھی آپ کے اکلوتا بیٹا سید احمد خان حضرم اس وقت وہ گلگت میں پناہ گزین ہیں۔ بالشوک حکومت نے آپ سے اراضی، جاگیر زر و زیور سب کچھ چھین لیا۔ خدا کا فضل و کرم تھا کہ راقم آج سے تیس سال قبل ہی اسس ملک سے دامن کش ہوا تھا۔

بدریا در منافع بیشمار است اگر خواہی سلامت بر کنار است

سب سے بڑی سلامتی دنیا میں سلامتی دین ہے۔

ان الدین عند اللہ الاسلام۔ حاجی میر سید غلام محمد خان یارقندی نے میر اشرف صاحب اندرابی کی صاحبزادی قضا ہونے پر یارقند میں میر غلام محمد اندرابی فرزند میر حافظ خلیل صاحب اندرابی

جعفری کی صاحبزادی کے ساتھ نکاح کیا تھا۔ جس کے بطن سے آپ کے تین فرزند اور تین صاحبزادیاں تھیں۔ حافظ سید عبدالقادر خان خوجام۔ سید عبداللہ خان خوجام۔ سید مقبول خان خوجام۔ یہ سب راقم کے پروردہ عزیز ہیں۔ بیچاروں کو بالشویک حکومت نے شہر بدر کیا ہے۔ اور اس وقت پاکستان کے کسی شہر میں پناہ گزین ہیں۔ سید مقبول خان اور فرزندم سید غلام غوث کے متعلق کوئی مصدقہ خبر نہیں ملتی ہے۔

شاید یہ دونوں غریق رحمت ہوئے ہیں غفر اللہ لہما حاجی صاحب کی دو صاحبزادیوں میں سے ایک راقم آثم کے عقد میں تھی۔ اور دوسری وزیر خان خوجام کے عقد میں ہے۔ تیسری لڑکی شاید قضا کر گئی ہے۔

سید عبدالقادر خان بڑا صالح ہے۔ حافظ قرآن اور داملا قاضی القضاۃ شہر اعلم اخوند کی لڑکی عقد میں ہے۔ اللہ تعالیٰ سے میری دعا ہے۔ کہ اس کو دیکھ کر میں اس جہانِ ناپایدار سے چل بسوں ۔

دلم گوید کہ بارِ دیگرش بین

حاجی سید غلام محمد خان صاحب نہایت ہی فیاض اور غیور تھے۔ کشتی اور پہلوانی میں ماہر خصوصی تھے۔ بوڑھاپے میں شکار کھیلاتے قوی ہیکل اور دلاور تھے۔

آپ نے کئی دفعہ شیر ببر کا شکار کیا ہے۔ یارقند کے تاجروں اور رئیسوں میں نامور تھے۔
سخی اور غنی القلب بھی تھے۔ آپ کے دستر خوان پر روزانہ ۲۰ بجے ۲۵ بیس پچیس مسافر کھانا کھاتے تھے۔ ہر شہر میں آپ کے گماشتے کام کرتے رہے۔ راقم کو آپ کی بابرکت صحبت میں بہت کچھ فیض حاصل ہوا ہے۔ جیسا کہ آئینہ فطرت میں لکھا ہے۔
چینی ترکستان کے ایام عیش جب یاد آتے ہیں۔ تو دل درد مند بھر آتا ہے۔ جہاں بلبلان خوشنوا چہکتے تھے۔ وہاں آج اُلّو بول رہے ہیں۔ ذالك تقدیر العزیز العلم!
وذالك بما قدمت ایدیھم!
راقم کے عم مغفور سید میرک ملارٹی کے تیسرے فرزند کا نام سید اسد اللہ گیلانی تھا۔ آپنے میر حبیب اللہ کریری درگہ مولہ کی صاحبزادی عقد میں لائی تھی۔ آپ کا اکلوتا بیٹا میر غلام مصطفٰے گیلانی درگہ مولہ میں موجود ہیں۔ راقم کا عزیز ہے۔
حکایت بود بے پایاں بخاموشی ادا کردم
بالآخر خداوند تعالیٰ سے میری دعا ہے کہ وہ اس خاندان عالیشان کے فرزندوں کو اپنے آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا کرے۔ تاریخ قوموں کی حیات ہے۔ تاریخ لکھنے کا مقصد یہ نہیں ہوتا ہے۔ کہ آباؤ اجداد کی ہڈیاں بیچکر نسبی فخر ظاہر کیا جائے۔

یہ بالکل بہتان ہے یوم لا انساب بینھم

ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم

آن نا کسان کہ فخر بہ اجداد میکنند۔

چون سگ ز استخوان دل خود شاد میکنند

حق تعالیٰ نے اہل بیت اطہار کی پاکی کا ذکر بیان فرمایا ہے انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ جو شخص فی الحقیقت اہل بیت اطہار کی نسل ہو۔ یا جس شخص کی رگوں میں ہاشمی خون ہو۔ وہ خلعت ایمان سے ملبس ہو کر اس جہاں فانی سے نکلے گا۔ انما الاعمال بالخواتیم۔ اس کا خاتمہ ایمان و ایقان پر ہی ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ علماء دین کی متفقہ رای ہے کہ اگر سادات میں سے کسی سید صحیح النسب کے عادات و اطوار بری صحبت کی وجہ سے بگڑ بھی گئے ہوں۔ اس پر زجر و توبیخ جائز نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کی برکت سے اس کا خاتمہ ایمان پر ہی ہوگا۔

حضرت جامیؒ نے جو ایک عالم ربانی تھے اس مشکل کو یوں حل فرمایا ہے۔

سادات معظم بکلام سیخلی الصالحون للہ والطالحون بی

فرماتے ہیں کہ سادات عالیہ درجات ہر صورت میں واجب الاحترام ہیں۔
رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے۔ جو لوگ میری اولاد میں سے نیکوکار ہوں گے
ان کو اللہ تعالیٰ کی خاطر احترام کرو۔ اور جو ان میں سے (خدانخواستہ)
بری صحبت کی وجہ سے آلودہ دامان ہوئے ہوں۔ ان کی حرمت
میری ذات کی وجہ سے کیا کرو۔ اور پھر سلسلۃ الذہب میں اس
مضمون کی اور بھی وضاحت فرمائی ہے۔

معنی انما یرید اللہ | آن بود پیش عارف آگاہ
که خدا را ز لوث در جس فساد | ہست تطہیر اہلبیت مراد
از معاصی مدار شان معصوم | وز ذمایم مساز شان مذموم
از یکے گر جریمہ دانی | کش نهفتن بشرع نتوانی
بر وی احکام شرع اجرا کن | زانچه مشروع نی تبرا کن
بطبیعت مکن در ان مدخل | دین خود را مکن بدان مختل
لب بگفتار ناسزا مکشای | ناسزا را به ناسزا مزدای
بتعصب مگوی دشنامش | جز به حسن ادب مبر نامش
چه عجب گر زوی آن کلام فضول | در گذارند بهر روح رسول

تو مواخذ شوی بآن ہذیان!
که ترا یافت بر زبان جریان

حضرت جامع الکمالات شیخ یعقوب صرفیؒ جو محدث وقت اور
عالم ربانی تھے۔ سلسلہ کبرویہ میں آپ کو اونچا مقام حاصل ہے
آیہ تطہیر کی تفسیر میں آپ فرماتے ہیں ؎

دعائے نبی دال باشد بر ان | کہ مأموں زدیو بند اولاد شان
بہر حال اولاد خیر الانام | بدنیا و دیند عالی مقام
در ایذای این زمرہ ہرگز مکوش | بجان این نصیحت کن از بند گوش
کہ ایذای این قوم عالی مقام | بود عین ایذای خیر الانام
در ایذا و تعذیبش اصلا مرو | ز فضل الخطاب این حکایت گشنو

مسلمانوں کو سادات عالی کے بارے میں عزت و احترام کی نصیحت
فرماکر وہ ایک مشکل مسئلہ کو بھی حل فرماتے ہیں۔ کہ یقیناً اکثر
مسلمانوں کو بعض سادات کی ناشائستہ حرکتیں دیکھکر اشتعال کا
جذبہ دل میں موجزن ہوتا ہے۔ اور جذبہ انتقام میں وہ اس
گروہ پاک کے حق میں ناشایستہ الفاظ زبان سے نکال لیتے
ہیں۔ ان کی عزت و حرمت میں کمی کرتے۔ یا العیاذ باللہ محبت
اہل بیت جو ہر مسلمان کے ایمان کا جزو اعظم ہے دل سے نکال
لیتے ہیں۔ حالانکہ نبی اقدس امی وابی فداہ نے دین حق کی
تبلیغ کے بدلے میں کوئی چیز بجز محبت اہلبیت کے نہ مانگی ہے
قل لا اسئلکم علیہ اجراً الا المودۃ فی القربیٰ۔
حضرت صرفی اپنے وسیع علم ربانی سے یہ مسئلہ یوں سلجھاتے ہیں

ولی حل مشکل کنم اینچنین ! ! کزین قوم سادات دنیا و دین
کسی گر بجرمی ملوث شود در آخر ز دنیا به توبه رود
پناہ از شیاطین دہد کردگار !
مرا بن زمرہ را در دم اختصار
اسی بنا پر خواجہ خواجگان خواجہ عبور نقشبند مشکلشا رض فرماتے ہیں ؎
بعالم چو بینم کہ من کسیم[۳] بعالم چو بینم کہ از کسیم[۳]
حضرت شیخ علی متقی آیہ کریمہ سے مقتبس ہیں۔
صلاحیۃ الاب تورث للولد۔ ولو طغی[۱] وکان ابوھما صالحاً۔ یعنی باپ کی صلاحیت بیٹے کو میراث میں ملتی ہے۔ اگرچہ وہ غلط کار ہو۔ قرآن میں ہے کہ اُن دو لڑکوں کا باپ صالح تھا۔ اسلام نے اہلبیت اطہار کے رشتہ کے بغیر جاہلیت کے تمام رشتے۔ رنگ و نسل کے سارے امتیازات مٹا دیئے ہیں۔
کل نسب وسبب سنقطع الا سببی ونسبی۔ یعنی دنیا کے سبب سببی اور نسبی تعلقات کٹ جائیں گے آنحضرت ؐ کا لیکن اس نعمت غیر مترقبہ کا جائز فائدہ یہ ہے۔ کہ اہلبیت اطہار آل صوری ہو کر آل معنوی بھی ثابت ہو جائیں۔
رسول اللہؐ نے فرمایا ہے۔ کل تقی آلی۔ ہر خدا ترس مومن

لہ نسب و سبب باقی ہے۔

بندہ میری اولاد ہے۔

اسی وجہ سے حضرت خاکی علیہ رحمۃ اللہ اپنے مرشد طریقت جناب۔ شیخ الشیوخ شیخ حمزہؒ ولی کشمیری کے بارے میں فرماتے ہیں۔ چون رسول اللہ گفتا ہر تقی آل من است

شکر کز باغ نبی پیدا یکے نو بر شد است

مگر ساتھ ہی آل صوری کی محبت کے بارے میں تاکید بھی فرماتے ہیں۔

ما محبّ اہلبیتیم و بجان محبوب ما

حضرتِ شبیر و دیگر حضرت شبر شد است

حضرت امام شافعی فرماتے ہیں۔

یا اهل بیت رسول الله حبکم فرض علینا فی القرآن انزله

یکفاکم فی عظم قدرکم انکم من لم یصل علیکم لا صلوة له

فرماتے ہیں۔ کہ اے اہلبیت اطہار آپ لوگوں کی محبت مسلمانوں کے ایمان کا جزو اعظم ہے۔ اسی حکم کے بموجب جو خدا نے قرآن مجید میں واضح فرمایا ہے۔ آپ کی قدر و قیمت کا اندازہ اسی سے ہوتا ہے۔ کہ جس نے آپ پر نماز میں درود نہ پڑھا۔ اس کی نماز جائز نہیں۔

اللھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم

وعلی آل ابراھیم انک حمید مجید۔

جامی اگر عاشقی کنی و جوانی
عشق محمد بس است و آل محمدؐ

بصدق و صفا بتواں گشت جامی۔ غلام غلامان آل محمدؐ۔

اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ کہ ان میں سے جو لوگ بری صحبت میں پھنس کر نامشروعات کے مرتکب ہوں گے۔ انہیں پند و نصایح اور اخلاق نبوی سے ترغیب دلائی جائے۔ مگر ان کی عزت و محبت اور ان کے شرعی حقوق میں کسی طرح سہل انگاری جائز نہیں حضرت عمر بن عبدالعزیز کی خلافت میں کسی ہاشمی النسب نے حضرت خلیفہ اول کا نام گستاخی سے لیا خلیفہ عادل نے ان کو قید میں ڈال دیا۔ اسی رات کو خلیفہ نے خواب میں حضرت یار غار رضؓ اور سیدۃ النساء فاطمہ علیہا السلام کو دیکھا۔ جناب سیدہ کبیدہ خاطر علیحدہ ایک کونے میں بیٹھ کر۔ شکایت کے طور پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فرما رہی ہیں۔

روا باشد آیا کہ فرزند من! زہر تو باشد بزندان و طن!

یعنی یہ کس آئین میں جائز ہے کہ میر الخت جگر معمولی غلطی کی وجہ سے قید و بند کا شکار ہو۔

خلیفہ خواب سے بیدار ہو کر نادم ہوئے اور اسی وقت ان کو قید و بند سے آزاد کر کے ان سے معافی مانگ لی۔

سادات پر زکوٰۃ کا مال ان کی عزت و حرمت ہی کی وجہ سے حرام ہے۔ البتہ ہدیہ کا لین دین سادات کا خاصہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ المرأ مع من احب۔ انسان کل اسی شخص کیساتھ محشور ہوگا جس کی اسے محبت ہو۔

آیہ تطہیر کی رُو سے اس زمرۂ پاک کو کفر و شرک کی کثافت سے پاک کر دیا گیا ہے۔ نسلاً بعد نسل لہذا اس زمرۂ پاک کی محبت مسلمانوں کے ایمان کا جزو اعظم ہے۔ لیکن آج کے طوفان بی تمیزی میں بے علم لوگ سادات کو ہر قسم کی بی حرمتی کا ہدف ملامت بنا لیتے ہیں۔ العیاذ باللہ۔

لراقمہ ماخوذ از مثنوی فطرت۔

مردم عصر ند دون طبعان و پست
بیخود و بے فکر و بے حال و مست
چشم شان از بے نگاہی بے بصر
قلب شان از بیگدازی بے خبر
بندگان زر پرستند و امیر
بے نصیب از بہرۂ مرد فقیر
ہر کہ موی سر بہد جامہ دراز
خلق گرد آیند پیشش با نیاز

وآنکہ بے مکر و ریا باشد فقیر!
گوشۂ بگرفتہ از سلطان و میر!

او مباح الدم بود در دین شان
در دل شان جائز آمد کین شان

قدر اہل حال پیش شان گناہ
حال اہل درویش شان تباہ

جہاں تک راقم کا تجربہ ہے۔ اکثر کم علم لوگوں سے جو بے حرمتی سادات عالیہ درجات کے متعلق سرزد ہوتی ہے۔ اس کی وجہ وجیہ، اس دعوی میں افراط و تفریط بھی ہے۔ آج کل کے اس خدا ناترس دور میں لوگوں کا ایمان اس قدر بگڑ گیا ہے۔ وہ عالم غیب پر اور یوم الدین پر محکم ایمان رکھتے ہی نہیں ہیں۔

دیکھا جاتا ہے کہ ہر طرف سے جاہ پسند لوگ خاندان نبوتؐ کے ساتھ خواہ مخواہ اپنا الحاق کرتے ہیں۔ حالانکہ فقہ اکبر ایک مفتی بہ کتاب کا کلی مسئلہ ہے۔

من انتسب نسبہ الی غیر ابیہ فقد کفر۔ یعنی جس شخص نے اپنا سلسلہ نسب کسی غیر نسب کے ساتھ ملایا۔ وہ کافر ہے۔ کافر اس لئے کہ اسکو دراصل اس بات کا یقین ہی نہ رہا۔ کہ کل میدان محشر میں ہر شخص اپنے باپ ہی کے نام پر پکارا جائے گا۔

ادعوھم لاٰبائھم۔ خدا عالم الغیب ہے۔ وہ جھوٹ بات پر آگاہ ہے۔ ویعلم ما تخفی الصدور۔

حضرت امیر تیمور گورگانی کا مسلمانوں پر بڑا حق ہے۔ کہ آپ نے جھوٹے مدعیان نسب کا خاتمہ کر دیا۔ آپ نے دامن نبوت سے یہ بدنما داغ دھو لیا۔ وہ درحقیقت خاندان نبوت کے سچے محبّ تھے۔

حضرت جامی رح فرماتے ہیں۔

ہیچو این جاہلانِ جاہ طلب | کہ غلو کردہ در علوّ نسب
دے پدر را ازا رذل فردی | پسر امرد ز سید علوی
ساز داز آل مصطفےٰ خود را | میز ندوم ز حیدر رضہ و زہراء
کے بود ز اہل بیت آن نااہل | کہ گریزد ز جہل او بوجہل
باد لعنت بران کہ چہرہ خر | کرد پیوند سلک عقد گہر
باد لعنت بر آنکہ دیدہ بدوخت | خاک تیرہ بہ نرخ خشک فروخت

باد لعنت بر آنکہ رُوی اندود
کرد مس را بہیچو زر بہبود

مومن کامل ہرگز اس قسم کی لعنت مول نہیں لے گا۔ مجھے بخوبی یاد ہے۔ کہ حضرت مولینا انور شیخ الحدیث کے نام نامی کے ساتھ کسی شخص نے محض ان کی روحانی سیادت کی وجہ سے سیدنا انور لکھا تھا۔ آپ نے جب دیکھا تو اسی وقت آپ نے اخبارات

ہیں مضامین سمجھے۔ کہ میں اہل بیت اطہار کا محبّ ہوں۔ کوئی مسلمان اس دھوکہ میں نہ پڑے۔ کہ میں آل صوری ہوں۔ ہر گز نہیں۔ بلکہ میرا سلسلہ نسب مسعودی خاندان کے ساتھ وابستہ ہے۔ دیکھئے خدا ترس اور عالم غیب پر یقین رکھنے والے مومن کو کسقدر ڈر ہوتا ہے۔ کہ وہ عالم الغیب کے سامنے یوم الجزاء پر کیا جواب دے گا۔ جو لوگ آنکھیں بند کر کے سادات کرام سے جعلی تعلق ظاہر کرتے ہیں۔ اور اس طرح اپنے آپ کو والد الحرام قرار دیتے ہیں۔ ان کو یقیناً اس بات کا یقین ہی دل میں نہیں ہوتا ہے۔ کہ ان کو واحد القہار کے سامنے ہر جھوٹ بات کے لئے جواب دہ ہونا ہے۔

تقوی کہ نداری دکنی این دعوی!
باللہ کہ بود دعوئ تو بے معنی!

حق تعالیٰ کو ہر بندہ کی نیت پر نظر ہے۔ وہی جانتا ہے۔ کہ یہ مختصر تذکرہ کس نیت سے لکھا گیا۔

میرے دل میں یہ تذکرہ لکھنے اور طبع کرانے میں یہی غرض ہے۔ کہ سادات و مشائخ کے گھروں میں جو نوجوان پیدا ہوئے ہیں۔ وہ اس زور و زر کے دور ناہنجار میں صرف مادی طاقتوں کی ہی تسخیر میں مصروف جہاد ہیں۔ روحانیت اور اخلاقی تعلیم سے کلیتاً دستکش اور دامن کش ہیں۔

علم دین اور علم یقین سے کوسوں دور بھاگتے ہیں۔ مادی تعلیم ہی کو ہر خوبی پر ترجیح دیتے ہیں۔ وہ کیمیاوی نسخہ جس کو اہل بصیرت و بصارت فرقان کے نام سے پکارتے ہیں۔ اس کو ان لوگوں نے جھوٹی قسموں اور کفارت میت کے مدّور حلقوں کے واسطے مخصوص کر دیا ہے ؎
ز آیاتش جز این درسی نگیری کہ از یاسین او آسان بمیری
ارباب مکر وریا نے ـــــ قرآن عزیز نالون کے واسطے مخصوص کر رکھا ہے۔
ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حج الوداع میں انہی دو امانتوں کو ہدایت کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ اور فرمایا ہے۔ ترکت فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتي
حضرت صرفی خطبہ وداعی کا ترجمہ لکھتے ہیں۔
بقول دگر آنکہ گویا مرا!
بخواندند ازینجا بدار البقا
ازینجا مرا جانب آن جہان
بخواندند کردم اجابت بدان
بدانید آخر کہ من می روم
ز دنیا روان سوی عقبی اشوم
گزارم دم عزم دار البقا

دُوام ہے عظیمے میان شُما !

کلام خدا جلّ ذکرہ یکے ! !

کہ آوردہ ام از خدا بیشکے

دوم اہل بیت وحق ہر دوار

ادا کردن از واجبات شُما

اُمید ہے کہ حق تعالیٰ مجھے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے اہل بیت اطہار اصحاب کرام اور اولیاے نامدار کی شفاعت نصیب کرے۔ اور یہ سرگشتہ میدان غفلت ہوش میں آئے جناب حضرت غوثیت کی غلامی کا داغ جو میرے ماتھے پر ازل سے کھینچا گیا ہے۔ اس کی برکت سے امیدوار ہوں کہ اللہ تعالیٰ فردای قیامت میرے سارے گناہ بخشدے گا۔ آمین

غلام سیّد بغداد ہوں فطرت اب وجد سے

خط بغداد سے ہے داغ ماتھے پر غلامی کا

خاکسار راہ اہل اللہ

سیّد مبارک شاہ فطرت

تمام شد آئینہ فطرت در سنہ ۱۳۸۰ھ

فطرت کیست؟

کیست فطرت؟ عاشق درماندۂ — گوہر خود را ز خود یابندۂ
چشم تر مرغ سحر خیزندۂ — سر بجیب فکر جال افکندۂ
در شبستانِ جہان شب زندۂ — شمع سان سوزندہ و گریندۂ
شہپر پرواز او پرندۂ! — نیز اقبال او تابندۂ
در بیابانِ یقین پویندۂ — حق پژوہ و حق نما جویندۂ
از نگاہِ زاغ طبعے راندۂ — پیش بلبل ہمچو گل بویندۂ
کم نما کم ساز و کم گویندۂ — نی چو نادانے خجل شرمندۂ

مرد آخر بین مبارک بندۂ

تصنیفات فطرت

رشحات فطرت فارسی، فریاد جرس اردو، معارف طبع فطرت
غیر مطبوعہ ، غیر مطبوعہ ، غیر مطبوعہ
مثنوی فطرت فارسی، صد پند فطرت فارسی شرح، رباعیات فطرت فارسی
بیاض صہبای فطرت ، الثقلان اردو غزلیات کشمیری
موسوم زمزمۂ فطرت
۹ جلد
اخبار الاحرار ذکر سادات گیلانی خانیار ، حقانی مطبوعہ

اشجار الابرار دائرہ سادات خانیار

آئینہ فطرت

جنا ... حب ہمدانی

... یگر کشمیر نے

... سرینگر کشمیر

... ں چھپوا کر شایع کیا

کاتب

قاضی محمد حسین فرزند مرحوم قاضی نظام الدین غفراللہ لہ

من نوشتم صرف کردم روزگار
من نمانم این بماند یادگار